IESCO PRESS RELEASE آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)

بوجہ جاری ضلعی ترقیاتی پراجیکٹس - محدود فیڈرز پر عارضی بجلی بندش شیڈول

آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروسز اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ریجن بھر میں جنرل پبلک کے لیے جاری ترقیاتی پراجیکٹس جیسے کہ نئے فلائی اوور، انڈر پاس، نئے 11KV فیڈرز کی تعمیر، سڑکوں کی مزید توسیع وغیرہ کے سلسلے میں آئیسکو کو بجلی کے پول اور دیگر تنصیبات کی شفٹنگ کے لئے محدود دورانیے کے عارضی شٹ ڈاؤن درکار ہوتے ہیں-

اس سلسلے میں بروز پیر، مورخہ 05 اکتوبر 2026ء کو صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک راولپنڈی سٹی سرکل میں قدیر روڈ اور کے آر ایل فیڈرز، جبکہ صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک ملت آباد، ڈھوک چوہدریاں، پشاور روڈ، عسکری-XI اور کوبلین فیڈرز پر بجلی کی فراہمی عارضی طور پر معطل رہے گی۔اسلام آباد سرکل میں صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک اسلام آباد کلب-1، اسلام آباد کلب-2، محفوظ شہید/شہزاد ٹاؤن، فلٹریشن پلانٹ، پندوریان، اسکیم-2، آر چرڈ اسکیم اور سی ڈی اے پمپ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں عارضی تعطل آئے گا۔آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے ۔ صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk / آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO Updates)، ٹویٹر/X اکاؤنٹ (IESCO Official Pk) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کر سکتے ہیں۔

پریس ریلز نمبر: 03-10/2026